© rasailojaraid.com



کی تشریح کا ایک نیا انداز اپنایا۔ چنانچہ تفسیر وحدیث اور فقہ اسلامی پر ہزاروں کتابیں تحریر کی گئیں۔ سیرت کے موضوع پر ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ وزارت مذہبی امور پاکستان نے ہر سال سیرت کانفرنس کے انعقاد کی ابتدا کی۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں شامل جناب سید عزیز الرحمٰن کے سات مقالات اس سیرت کانفرنس کا حاصل ہیں۔ یہ مقالات قومی سطح پر انعامات کے مستحق بھی قرار دیئے گئے۔

تعمیر شخصیت ،فلاح انسانیت ،اخلاق ،عدل ومساوات ،عورتوں کے حقوق، والدین کے حقوق، انسانی معاشرے کے مختلف شعبوں کے حقوق وفرائض، استحکام پاکستان، تعلیم وتربیت، عدم برداشت کا قومی وبین الاقوامی رجحان، انتہاپسندی اور نئے عالمی نظام میں امت کی تشکیل جیسے زندہ مسائل پر مضبوط مواد اس کتاب میں موجود ہے۔

☆ مقامِ محمد ﷺ مصنف: ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی ترتیب: سید عزیز الرحمٰن

ضخامت: ۲۳۸ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: دارالاشاعت' اردو بازار ایم اے جناح روڈ لاہور

رسولِ پاک ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر مختلف زبانوں میں اب تک ہزاروں کتب ورسائل شائع ہو چکے ہیں۔ لیکن ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی کی کتاب ''مقامِ محمد ﷺ'' سیرت نگاری کے شعبہ میں' اردو ادب کے حوالے سے ایک خوبصورت اضافہ ہے' جس میں قرآن حکیم کے آئینے میں رسولِ پاک ﷺ کی سیرت کو مختلف عنوانات کے تحت اجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ مصنف نے کمال تحقیق اور عرق ریزی سے آپ ﷺ کی سیرت کے بارے میں ہر موضوع کی قرآنی آیات یکجا کر کے باب بندی کی ہے اور پھر ہر باب میں' تفاسیر، احادیث اور سیرت کی دوسری کتابوں سے مفید باتیں اکٹھی کر دی ہیں۔

قبل ازیں اس عنوان پر مولانا عبدالماجد دریابادیؒ اور دیگر نام ور اہل قلم کی کاوشیں موجود ہیں مگر ڈاکٹر ابوالخیر کشفی صاحب کی تحقیق نے اسے مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔

کتاب خوبصورت رنگین ٹائٹل میں سفید کاغذ پر شائع کی گئی ہے۔ پرنٹنگ اور جلد بندی واقعی معیاری ہے۔

☆ ماہنامہ ''حق نوائے احتشام'' (خصوصی شمارہ) نگران: مولانا تنویر الحق تھانوی

ضخامت: ۶۸۰ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ احتشامیہ جیکب لائن کراچی

جیسا کہ ظاہر ہے کہ اس رسالے کا نام ہی ''حق نوائے احتشام'' رکھا گیا ہے یعنی احتشام کی آواز حق ہے۔ یہ خصوصی شمارہ حضرت مولانا احتشام الحق تھانویؒ کی یاد میں شائع کیا گیا ہے۔ جس میں اُن کی حیات وخدمات کے بارے میں مضامین' اُن کی وفات پر لکھی گئی نظمیں، مشاہیر کی طرف سے اُن کے نام تحریر کیے گئے خطوط اور اُن کی طرف سے مشاہیر کے نام لکھے گئے خطوط، بیانات، پریس کانفرنسوں کی عبارات ایک جگہ جمع کر دیئے گئے ہیں۔ حضرت مولانا احتشام الحق

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھانوی رحمتہ اللہ علیہ ایک خوش الحان قاری، کامیاب واعظ وخطیب، عالم باعمل اور بیدار سیاست دان تھے۔ زندگی کے تمام معاملات میں نہایت اعلیٰ ذوق کے مالک تھے۔ خطابت میں وہ اپنا منفرد انداز رکھتے تھے۔ شعر گوئی، شعرفہمی، برجستگی، حاضر جوابی اور شگفتگی میں اپنی مثال آپ تھے۔ زیرِ تبصرہ شمارہ سولہ ابواب پر مشتمل ہے۔ جن میں حضرت ممدوح کے بارے میں چھوٹی سے چھوٹی تحریری جزئیات کو بھی اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ حضرت مولانا احتشام الحق تھانوی رحمہ اللہ کی شخصیت، کردار اور خدمات کے حوالے سے ایک خوبصورت تحفہ ہے۔ اللہ بھلا کرے مولانا تنویر الحق تھانوی اور اُن کے رفیق مولانا محمد صدیق ارکان کا جنہوں نے یہ گلدستہ ترتیب دیا ہے۔ رسالے کے آخر میں مرحوم کی رہائش، استعمال میں رہنے والی اشیاء، مدارس، لائبریری، مختلف عمارات کی تصاویر کا اضافہ بھی خوبصورت ہے۔

☆ ماہنامہ ''معراجِ انسانیت'' لاہور۔ مئی، جون ۲۰۰۵ء (''ختم نبوت نمبر'') چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر آراے امتیاز

ضخامت: ۲۲۴ صفحات قیمت: ۱۰۰ روپے ملنے کا پتا: ۶۱۱' نظام بلاک' علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

اسی مادی والحادی دور میں جبکہ اپنوں میں دین کا شعور نہیں ہے اور غیر اس کمزوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہماری نوجوان نسل کے ذہنوں میں نقب لگا رہے ہیں۔ خاص طور پر قادیانی' یہود وہنود اور نصاریٰ کے ساتھ مل کر وطن عزیز میں جو کھیل کھیل رہے ہیں، مغربی ذہن رکھنے والے افراد کے گھروں میں اپنا لٹریچر پہنچا رہے ہیں۔ ملک کے کلیدی عہدوں پر براجمان ہیں اور لادین قوتیں ان کی پشت پناہی کر رہی ہیں۔ ایسے میں ضرورت ہے کہ زبان وقلم سے ہر اس فتنے کی بیخ کنی کی جائے جو اسلام کے درپے ہے۔ ماہنامہ ''معراجِ انسانیت'' نے مسلم اُمہ کو قادیانیوں کے بھیانک عزائم سے آگاہی کے لیے ''ختم نبوت نمبر'' شائع کیا ہے۔ یہ خصوصی شمارہ ردّ قادیانیت کے لٹریچر میں گراں قدر اضافہ ہے' جس میں مرزا قادیانی اور اس کی جماعت مزائیہ کے ردّ میں مختلف اہلِ قلم کی نگارشات شامل ہیں۔

☆ کتاب: مقامِ رسول ﷺ مؤلف: محمد اکرم کمبوہ

ضخامت: ۲۴۰ صفحات قیمت: ۱۲۰ صفحات ناشر: دارالکتاب۔ کتاب مارکیٹ' غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

کتاب زیرِ نظر میں مولف نے بڑی عرق ریزی کے ساتھ مشاہیرِ اسلام اور مستشرقین کی تحریروں کے وہ اقتباسات یکجا کر دیئے ہیں' جنہوں نے کسی بھی رنگ میں رسولِ پاک ﷺ کی عظمت کو تسلیم کرتے ہوئے اُن کی تعریف کی ہے' ان میں مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا ابوالکلام آزاد، چودھری افضل حق، شورش کاشمیری، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، فانی بدایونی، نسیم حجازی، سید مناظر احسن گیلانی، شبلی نعمانی، پروفیسر حمید احمد خان کے ساتھ ساتھ سر ولیم مور، جارج برنارڈ شا، نپولین بوناپاٹ، ٹالسٹائی، ڈاکٹر کلارک، ڈاکٹر آرنلڈ وزرتشت جیسی شخصیتوں کے نام قابل ذکر ہیں۔ کتاب خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ شائع کی گئی ہے' پرنٹنگ معیاری ہے۔

---

© rasailojaraid.com